یوم استقلال
14 اگست



پاکستان کی آزادی کا دن جسے ہم یوم استقلال کہتے ہیں، ہر سال 14 اگست کے دن منایا جاتا ہے۔ یہ وہ دن ہے جب پاکستان 1947ء میں انگلستان سے آزاد ہو کر اپنی ایک الگ پہچان کے ساتھ معرض وجود میں آیا۔ 14 اگست کا دن پاکستان میں سرکاری سطح پر منایا جاتا ہے اور اسی دن پورے پاکستان میں جشن کا سماں ہوتا ہے۔ اس موقع کی مناسبت سے 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی سمیع الدین صدیقی نے سوک سینٹر کے سبزہ زار میں پرچم کشائی کی جس میں کے ڈی اے افسران، عملہ، اسکول کے بچے اور عوام الناس نے بڑی تعداد میں نہ صرف شرکت کی بلکہ بڑی دھوم دھام اور ملی جوش و خروش کے ساتھ ملی ترانے پڑھتے ہوئے اس دن کو شایان شان طریقے سے منایا۔

یوم آزادی کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے سمیع الدین صدیقی قومی یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج ہمارے لئے خوشی کا دن ہے، آج ہمیں آزادی ملی، سوک سینٹر کے سبزہ زار میں جشن آزادی کی تقریب دھوم دھام سے منائی جارہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ قیام پاکستان کے بعد ملک میں قائم ہونے والا پہلا ترقیاتی ادارہ کے ڈی اے کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی ہے جس نے عروس البلاد کراچی کی ترقی میں ناقابل فراموش کردار ادا کرتے ہوئے متوسط طبقہ آمدنی والے خاندانوں کو معیاری اور بہتر رہائشی سہولیات فراہم کیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادی کیا کہ ہم اپنے پرچم کی طرح اپنے پیارے وطن اور ادارہ ترقیات کراچی کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔